نمبر۱۳۳ ۱۹۰۶ء تزکرہ ص ۵۵۵

اَطَالَ اللّٰہُ بَقَآءَکَ ۔ اسّی یا اس پر پانچ چار زیادہ یا پانچ چار کم۔
خدا تیری عمر دراز کرے گا۔ پانچ چار زیادہ یا پانچ چار کم

تفہیم وتشریح

راقم نے اس سے قبل سیریل نمبر۲ میں حضور مسیح موعودؑ کی عمر کے حوالے سے اُس الہام کی تشریح کی تھی جو کہ آپ کو قریباً ۱۸۶۵ء میں ہوا تھا اور جس میں یہ بیان تھا کہ آپ کی عمر ۸۰ برس کی ہوگی یا دو چار کم یا چند سال زیادہ۔

یہاں پر اس الہام میں فرق یہ ہے کہ دو چار کم یا چند سال زیادہ کی بجائے **پانچ چار زیادہ یا پانچ چار کم** درج ہے۔ اس الہام کے حوالے سے بفضل تعالیٰ آپ کی عمر قمری حساب سے قریباً ساڑھے پچھتر (۱/۲ ۷۵) سال ہوئی جو کہ بیان کردہ حد میں ہے۔ اسطرح اللہ تعالیٰ کی بات پوری ہوئی۔ فلحمد للہ